میڈیا آفس
حزب التحریر
ولایہ پاکستان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

﴿وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ﴾

حزب التحریر
Hizb ut Tahrir

ہفتہ، 15 محرم، 1441ھ | 14/09/2019 | نمبر 1441/02

پریس ریلیز

ایسے وقت میں جب کشمیر کی آزادی کے لیے فوجی قوت کا استعمال وقت کی ضرورت اور مسلمانوں کا مطالبہ ہے، عمران خان نے ٹرمپ کے حکم پر مقبوضہ کشمیر کے مسئلہ کو مغربی طاقتوں کے آلہ کار اقوام متحدہ کے حوالے کر دیا ہے

13 ستمبر 2019 کو آزاد کشمیر میں عمران خان نے جلسہ کیا جس کا مقصد کشمیر پر مسلمانوں کے آتش فشاں جذبات کو ٹھنڈا کرنا تھا۔ جلسے سے عمران خان کے خطاب نے یہ پیغام دیا جیسے ابھی تک مودی نے امت کے خلاف جارحیت کا ارتکاب ہی نہیں کیا۔ عمران خان نے کہا، "ایک بار جنگ چھڑ گئی تو یہ قوم اپنی آخری سانس تک تم سے لڑے گی"۔ عمران خان نے کشمیری نوجوانوں سے کہا کہ وہ جانتا ہے کہ کشمیری نوجوانوں کی اکثریت لائن آف کنڑول کی جانب مارچ کرنا چاہتی ہے، "لیکن نہیں جائیں جب تک میں آپ سے نہ کہوں۔ پہلے مجھے اقوام متحدہ جانے دو اور کشمیر کا مقدمہ لڑنے دو"۔ باجوہ-عمران حکومت جوش وجذبے سے لبریز مسلمانوں سے مسلسل جھوٹے وعدے کر کے ہمیں دھوکہ دے رہی ہے کیونکہ یہ حکومت وہاں سے مقبوضہ کشمیر کے لیے انصاف کی توقع وابستہ کر رہی ہے جہاں سے مسلمانوں کو فائدہ تو دور کی بات ہمیشہ نقصان ہی پہنچایا گیا ہے۔ اقوام متحدہ سے انصاف کی توقع لگانا بھینس کے آگے بین بجانے کے مترادف ہے۔ اقوام متحدہ سے امید وابستہ کر کے درحقیقت اس حکومت نے افواجِ پاکستان کے شیروں کے ساتھ ساتھ اس ملک کے نوجوانوں کو بھی حرکت میں لانے سے عملاً انکار کر دیا ہے اور بزدل ہندو افواج کو اپنے اس عمل کے ذریعے زبردست تقویت پہنچائی ہے، وہ بزدل ہندو فوج جس کے فوجی دماغی امراض میں مبتلا اور مقبوضہ کشمیر کے بہادر نہتے مسلمانوں کا سامنا کرنے کے خوف سے خودکشیاں کر رہے ہیں۔ باجوہ-عمران حکومت کے بزدلانہ اقدامات نے ایسی بھارت فوج کے آرمی چیف جنرل بپن راوت کو 12 ستمبر 2019 کو ایٹمی جنگ یا کمزور معیشت کے خوف سے بالاتر ہو کر یہ اعلان کرنے کا حوصلہ فراہم کیا کہ، "ہمارا اگلا منصوبہ پاکستان کے زیر قبضہ کشمیر کو آزاد کروانا اور اسے بھارت کا حصہ بنانا ہے"۔

اے پاکستان کے مسلمانو! مسلم سرزمین پر قبضہ کرنے والے وحشی اپنے قبضے کو مزید بڑھانے کی باتیں اس وجہ سے کر رہے ہیں کیونکہ ان کی جارحیت کا جواب آگ وخون کے بجائے بیان بازی سے دیا جارہا ہے۔ باجوہ-عمران حکومت ایک نافرمان حکومت ہے جو اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے احکامات کو کوئی اہمیت نہیں دیتی اور ان کو نظر انداز کرتے ہوئے دشمن کے دلوں سے ہمارے خوف کو نکالنے میں دشمن کی مکمل مدد کر رہی ہے جبکہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے فرمایا:

انْفِرُوا خِفَافًا وَثِقَالًا وَجَاهِدُوا بِأَمْوَالِكُمْ وَأَنْفُسِكُمْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ ذَٰلِكُمْ خَيْرٌ لَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُونَ

"کوچ کرو ہلکی جان سے چاہے بھاری دل سے اور اللہ کی راہ میں لڑو اپنے مال اور جان سے یہ تمہارے لیے بہتر ہے اگر جانو" (التوبۃ 9:41)۔

یہ ایک حقیقت ہے کہ محمد ﷺ کی امت کی تاریخ میں مسلم علاقوں کو ہمیشہ صرف اور صرف اللہ سبحانہ وتعالیٰ پر توکل کرتے ہوئے لڑ کر ہی آزاد کرایا گیا۔ کوئی اس شک میں نہ رہے کہ اس حکومت سے اب بھی کوئی امید لگائی جاسکتی ہے۔ ہم سب پر لازم ہے کہ ہم اپنی ڈھال، نبوت کے طریقے پر خلافت، کو بحال کریں، تاکہ ذلت وشکست کے دور کا خاتمہ ہو اور کامیابی وشہادت کے دور کا آغاز ہو۔ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے فرمایا:

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا مَا لَكُمْ إِذَا قِيلَ لَكُمُ انْفِرُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ اثَّاقَلْتُمْ إِلَى الْأَرْضِ أَرَضِيتُمْ بِالْحَيَاةِ الدُّنْيَا مِنَ الْآخِرَةِ فَمَا مَتَاعُ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا فِي الْآخِرَةِ إِلَّا قَلِيلٌ

"مومنو! تمہیں کیا ہوا ہے کہ جب تم سے کہا جاتا ہے کہ اللہ کی راہ میں (جہاد کے لیے) نکلو تو تم (کاہلی کے سبب سے) زمین پر گرے جاتے ہو (یعنی گھروں سے نکلنا نہیں چاہتے) کیا تم آخرت (کی نعمتوں) کو چھوڑ کر دنیا کی زندگی پر خوش ہو بیٹھے ہو۔ دنیا کی زندگی کے فائدے تو آخرت کے مقابل بہت ہی کم ہیں" (التوبۃ 9:38)۔

ولایہ پاکستان میں حزب التحریر کا میڈیا آفس

حزب التحریر آفیشل ویب پیج
http://www.hizb-ut-tahrira.org:
حزب التحریر میڈیا آفس ویب پیج
http://www.hizb-ut-tahrir.info:

ای میل: HTmediaPAK@gmail.com | انسٹاگرام: https://instagram.com/HTmediaPAK01 | ویب: www.hizb-pakistan.com
ٹویٹر: http://Twitter.com/HTmediaPAK | فیس بک: https://Facebook.com/HTmediaPAK01
واٹس ایپ نمبر: +90-531-814-7385 | پوڈکاسٹ: https://anchor.fm/HTmediaPAK